## جنوبی پنجاب کا احساس محرومی دور کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر خصوصی ترقیاتی فنڈز مقرر کئے جائیں۔الطاف حسین

## سرائیکی خطہ کئی دہائیاں گزر جانے کے باوجود حکمرانوں کی مسلسل عدم توجہی، ناانصافیوں اورزیادتیوں کا شکار ہے

## سرائیکی خطہ کو اس کا پورا حق دیا جائے، جنوبی پنجاب کے حقوق کی آواز کو غداری سے تعبیر نہ کیا جائے

## بہاولپور میں قائم قدیم قلعہ دراوڑ اور چولستان کے علاقے میں قائم چھوٹے چھوٹے پیلس کو تباہ ہونے سے بچایا جائے

لندن۔۔۔10جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ارباب اقتدار واختیار سے اپیل کی ہے کہ جنوبی پنجاب کا احساس محرومی دور کرنے کیلئے وہاں کے شہروں اورقصبوں پر خصوصی توجہ دی جائے اورسرائیکی خطے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر خصوصی ترقیاتی فنڈز مقرر کئے جائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جنوبی پنجاب جسے سرائیکی وسیب بھی کہا جاتا ہے اور یہ خطہ ایک بڑے جغرافیہ پر پھیلا ہوا ہے لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ سرائیکی خطہ کئی دہائیاں گزر جانے کے باوجود حکمرانوں کی مسلسل عدم توجہی، ناانصافیوں اورزیادتیوں کا شکار ہے، جنوبی پنجاب کیلئے بجٹ میں جو فنڈز رکھے جاتے ہیں وہ نہ ہونے کے برابر ہیں جسکی وجہ سے اس خطہ میں معاشی بدحالی کے ساتھ ساتھ صحت، تعلیم اور بنیادی سہولتوں کا فقدان ہے، جنوبی پنجاب اعلیٰ تعلیم کے اداروں سے محروم ہے، سب سے زیادہ کپاس جنوبی پنجاب کے علاقوں میں کاشت ہوتی ہے لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ جنوبی پنجاب میں ایک بھی ٹیکسٹائل انڈسٹری نہیں ہے، ان ناانصافیوں کی وجہ سے جنوبی پنجاب کے عوام میں احساس محرومی شدید سے شدید تر ہو رہا ہے۔جناب الطاف حسین نے وفاقی حکومت اور حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ سرائیکی خطے کے مسائل پر سنجیدگی سے توجہ دی جائے، وہاں صحت کی بنیادی سہولتوں، اعلیٰ تعلیم کی فراہمی اورعلاقوں کی ترقی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر ترقیاتی فنڈز مقرر کئے جائیں اور جنوبی پنجاب کی محرومیوں کو دور کرنے کیلئے ترقیاتی بجٹ کو برابری اور انصاف کی بنیاد پر خرچ کیا جائے، سرائیکی خطہ کو اس کا پورا حق دیا جائے اور جنوبی پنجاب کے عوام کے حقوق کی آواز کو غداری سے تعبیر نہ کیا جائے بلکہ اس پر توجہ دی جائے۔جناب الطاف حسین نے مزید مطالبہ کیا کہ بہاولپور میں قائم قدیم قلعہ دراوڑ اور چولستان کے علاقے میں قائم چھوٹے چھوٹے پیلس کو تباہ ہونے سے بچایا جائے، ان کی حالتِ زار پر توجہ دی جائے اور ان کی حالت بہتر کرکے انہیں سیاحوں کیلئے مشتہر کیا جائے۔

## لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور طالبان دہشت گرد ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں، ان کے گٹھ جوڑ کے باعث شہر کراچی کا امن شدید خطرے سے دوچار ہے، شعیب بخاری

## ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت کیماڑی میں کیماڑی سیکٹر آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔10، جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت کیماڑی سیکٹر آفس کا افتتاح کر دیا گیا اس سلسلے میں باقاعدہ افتتاحی تقریب منعقد کی گئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری، ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ، اراکین سید احمد رضا اور یار محمد کھوسو علاقے کے نوجوانوں اور بزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے کیماڑی سیکٹر آفس کا افتتاح کیا تو اس موقع پر موجود نوجوانوں اور بزرگوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے اور اپنے زبردست جوش وخروش کا مظاہرہ کیا۔افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شعیب بخاری نے کہا کہ لینڈ مافیا ، ڈرگ مافیا اور طالبان دہشت گرد ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں اور ان کے باہمی گٹھ جوڑ کے باعث ملک کی معاشی ترقی وخوشحالی کا حب کراچی کا امن وامان شدید خطرے سے دوچار ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ ماہ بھی لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور طالبان دہشت گردوں کے گٹھ جوڑ کے باعث شہر کراچی کو خون میں نہلایا گیا اور ایک منظم سازشی منصوبے کے تحت اس کا الزام بھی متحدہ قومی موومنٹ کے سر تھوپنے کی بھونڈی کوشش کی گئی۔انہوں نے کہا کہ شہر کراچی کی تمام قومیتوں اور برادریوں کے عوام، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت میں متحد ہیں اور جو نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں ایم کیوایم کی مقبولیت سے خائف ہیں وہ کراچی میں طالبانائزیشن کے خلاف عملی کردار ادا کرنے سے کیوں راہِ فرار اختیار کررہی ہیں؟ اور صوبہ سرحد اور قبائلی علاقوں کی طرح شہر کراچی کو بھی بدامنی اور قتل وغارتگری کا گڑھ بنانے کیلئے طالبانی سازش کا حصہ کیوں بنے بیٹھے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ کراچی کے مضافاتی علاقوں میں متحدہ قومی موومنٹ کی مقبولیت میں بے حد اضافہ ہو رہا ہے اور مختلف قومیتوں اور برادریوں کے افراد قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد سے

متاثر ہیں اور ایم کیوایم میں شمولیت کے اعلانات بھی کررہے ہیں جو انتہائی خوش آئند ہے اور نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے ان الزامات کا توڑ ہیں جو وہ ایم کیوایم کی مقبولیت سے خائف ہوکر عائد کررہے ہیں۔شعیب احمد بخاری نے کیماڑی سیکٹر آفس کے افتتاح پر علاقے کے عوام کو مبارکباد پیش کی اور ان پر زور دیا کہ وہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور طالبانائزیشن کے عفریت سے نجات کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی عملی جدوجہد کا حصہ بنیں اور اس میں عملی کردار ادا کریں۔

## کنور خالد یونس اور خالد بن ولایت نے مقامی اسپتال میں زیرعلاج سید غیاث اللہ کی عیادت کی

کراچی۔۔۔10، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس اور حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت نے لندن میں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے رکن کلیم اللہ کے چھوٹے بھائی سید غیاث اللہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کراچی کے مقامی اسپتال جاکر ان کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیر وہاں رہے اور انہوں نے سید غیاث اللہ کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی اور انہیں ایم کیوایم کے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے گلدستہ بھی پیش کیا۔

## سنی تحریک علماء بورڈ کے ڈپٹی کنوینر علامہ مولانا خضر اسلام نقشبندی کی سربراہی میں وفد کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اور سیف یار خان سے ملاقات

## سنی تحریک کے وفد نے استحکام پاکستان کانفرنس میں شرکت کا دعوت نامہ رابطہ کمیٹی کے اراکین کو پیش کیا

کراچی۔۔۔10، جولائی 2009ء

سنی تحریک علماء بورڈ کے ڈپٹی کنوینر علامہ مولانا خضر اسلام نقشبندی نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری اور سیف یار خان سے ملاقات کی اور انہیں سنی تحریک کی جانب سے منعقد کی جانے والی استحکام پاکستان کانفرنس کا دعوت نامہ دیتے ہوئے شرکت کی درخواست کی۔شعیب بخاری اور سیف یار خان نے سنی تحریک کے وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے شرکت کی مکمل یقین دہانی کرائی۔ملاقات نصف گھنٹے جاری رہی جس میں سنی تحریک کے وفد اور رابطہ کمیٹی کے اراکین میں ملک کی مجموعی سیاسی وسماجی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔مہمان وفد میں علماء بورڈ کے اراکین علامہ مولانا محمد انصر قادری اور علامہ مولانا محمد فاروق رضا مدنی شامل تھے اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے اراکین موجود بھی تھے۔

## دہشت گردی کے خاتمے کی طرح بجلی کے بحران کے خاتمے کیلئے بھی جنگی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں،حق پرست اراکین سینٹ

کراچی۔۔۔10، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینٹ نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی سمیت ملک کے دیگر شہروں میں بجلی کی مستقل لوڈشیڈنگ کے سدباب کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور بجلی کے بحران کے پیچھے کارفرما تمام عوامل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کرکے ملک بھر کے عوام کو بجلی کی لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ تسلسل کے ساتھ بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ نے صنعتی وکاروباری سرگرمیاں تباہ کردی ہیں اور عوام کی زندگیاں اجیرن بنادی ہیں۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی مستقل لوڈشیڈنگ نے کراچی سمیت ملک کے دیگر شہروں کے عوام میں شدید اضطراب اور بے چینی پائی جارہی ہے کیونکہ وہ ہرماہ باقاعدگی سے بجلی کے بل ادا کررہے ہیں لیکن اس کے باوجود بجلی کی مکمل فراہمی کو یقینی نہیں بنایا جارہا ہے جبکہ حکومت کی جانب سے بجلی پر سبسڈی ختم کرنے سے عوامی ضبط کا پیمانہ قابو سے باہر ہوسکتا ہے۔انہوں ں نے کہا کہ ایک جانب تسلسل کے ساتھ لوڈشیڈنگ کا عمل جاری ہے اور دوسری جانب متعلقہ محکموں کی جانب سے بلاجواز بجلی کے نرخوں میں ہوش باء اضافہ کا عمل جاری ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کیلئے بجلی بنیادی سہولت ہے اور اس کی کئی برسوں سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے ملک کی صنعتی وکاروباری سرگرمیوں سمیت عوام کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں اور ان کی زندگیاں اجیرن بن چکی ہیں۔حق پرست اراکین سینٹ نے صدرمملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ بجلی کی طویل دورانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردی کے خاتمے کی طرح بجلی کے بحران کے خاتمے کیلئے بھی ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔

## سازشی عناصر چاہے کتنی ہی گھناؤنی سازشیں کرلیں وہ ایم کیوایم کی مقبولیت اورشہر کے امن وامان کو ہرگز خاک میں نہیں ملاسکتے،ارکان قومی اسمبلی
## نیوکراچی ٹاؤن کے حق پرست کونسلر شیر محمد کے بہیمانہ قتل اور بن قاسم سیکٹر کے سابق سیکٹرممبر صادق جلال اوراورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن قیصر الطاف کو زخمی کرنے کے واقعات پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔10، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے نیوکراچی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست کونسلر شیر محمد کے بہیمانہ قتل اور مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کے سابق سیکٹرممبر صادق جلال اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن قیصر الطاف کے شدید زخمی ہونے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کے نازک ترین حالات میں بعض سازشی قوتیں شہر کراچی میں امن وامان کا مسئلہ پیدا کرنا چاہتی ہیں اوراس سلسلے میں انہوں نے دہشت گردوں کو ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا ٹاسک دیدیا ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ ماہ بھی شہر کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے درجنوں کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر بیدردی سے شہید کیا جاچکا ہے اوراب تک قتل وغارتگری میں ملوث دہشت گرد قانون کی گرفت سے محفوظ ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے معصوم وبے گناہ کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے والے دہشت گرد اپنے انجام سے ضرور دوچار ہوں گے اور سازشی عناصر چاہے کتنی ہی گھناؤنی سازشیں کرلیں وہ ایم کیوایم کی مقبولیت اورشہر کے امن وامان کو ہرگز خاک میں نہیں ملاسکتے۔انہوں نے مزید کہا کہ کراچی کے عوام باشعور ہیں اوروہ ایم کیوایم پر ہی اعتماد کرتے ہیں اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت کواپنے لئے نجات دہندہ تصور کرتے ہیں۔انہوں نے کارکنان وعوام سے اپیل کی کہ وہ قتل وغارتگری کے واقعات پر صبر کا دامن ہاتھ سے ہرگز نہ چھوڑیں اور ماضی کی طرح اتحاد کا مظاہرہ کرکے گھناؤنی سازش کوایک مرتبہ پھر ناکام بنادیں۔انہوں نے حق پرست کونسلر شیر محمد شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کے سابق سیکٹرممبر صادق جلال اوراورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن قیصر الطاف کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ نیوکراچی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست کونسلر شیر محمد شہید کے بہیمانہ قتل اور کارکنان کو زخمی کرنے والے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزائیں دی جائیں۔

## مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لیبر ڈویژن اورنگی ٹاؤن کے کارکن یونس خوشی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اورنگی ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لیبر ڈویژن اورنگی ٹاؤن کے کارکن یونس خوشی کے قتل پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے یونس خوشی کے تمام سوگوار اہلخانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے یونس خوشی کے تمام سوگوار لواحقین کو صبر کی تلقین کی اوران کی مغفرت کی دعا کی۔

## مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے کارکن یونس خوشی کو بے دردی سے قتل کردیا
## یونس خوشی کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، دہشت گرد سازشی عناصر کے اشاروں پر سرگرم ہیں اوران کا مقصد شہر کو بدامنی میں جھونکنا ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10، جولائی 2009ء

مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم لیبر ڈیژن اورنگی ٹاؤن کے کارکن یونس خوشی کو فائرنگ کرکے بیدردی سے قتل کردیا۔تفصیلات کے مطابق یونس خوشی اورنگی ٹاؤن یوسی 1 مومن آباد میں گزشتہ صبح 9 بجے اپنی ڈیوٹی انجام دے رہے تھے کہ موٹر سائیکل سوار 2 مسلح دہشت گردوں نے خودکار ہتھیار سے یونس خوشی پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے باعث یونس خوشی کے جسم کے مختلف حصوں میں 9 گولیاں لگیں اوروہ موقع پر جاں بحق ہوگئے۔یونس خوشی کی آخری رسومات گزشتہ روز ان کی رہائشگاہ واقع میٹروول میں ادا کردی گئیں جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر، سائٹ ٹاؤن کے نائب ٹاؤن ناظم بادشاہ خان، ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ذمہ داران وکارکنان اور عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے یونس خوشی کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور قتل کی واردات کو شہر کا امن تباہ

کرنے کی گھناؤنی سازش کا تسلسل قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض قوتوں کو شہر کا امن ایک آنکھ نہیں بھا رہا اور وہ شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے ایم کیوایم کے معصوم و بے گناہ کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہی ہیں، یونس خوشی کا قتل بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد شہر کو بدامنی میں جھونکنا ہیں اور جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے یونس خوشی کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم لیبر ڈویژن اورنگی ٹاؤن کے کارکن یونس خوشی کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا سے ہمکنار کیا جائے۔

## ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج کی والدہ محترمہ، لانڈھی ٹاؤن کی یونٹ کمیٹی کے رکن کے صاحبزادے اور لائنز ایریا سیکٹر کے کارکن کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج ڈاکٹر ثقلین جعفری کی والدہ محترمہ سیدہ نادرہ خاتون، ایم کیوایم لیبر ڈویژن لانڈھی ٹاؤن کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد ضمیر کے صاحبزادے محمد زوہیب خان اور ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 52 کے کارکن اعجاز احمد فاروقی کے والد نذیر احمد فاروقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆